سوال

نفاس کی مدت

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میری بیوی کا ایک ماہ کا حمل ضائع ہوگیا ہے۔ اب کیا اسے نفاس کی مدت چالیس دن پوری کرنی ہوگی؟ جبکہ خون سات دن بعد بند ہوگیا ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

نہیں اسے چالیس دن پورے کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ جب نفاس والی عورت چالیس دنوں سے پہلے پاک ہوجائے تو اس کے لئے غسل نماز اور رمضان کے روزے رکھنا واجب ہے۔ اور اہل علم کا اجماع ہے کہ اس کے شوہر کے لئے مقاربت بھی حلال ہے یاد رہے نفاس کی کم سے کم کوئی حد مقرر نہیں ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ